**20.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

............................................................................

☆ بنگلہ دیش میں کوٹے کے خلاف پُرتشدد احتجاج کے تناظر میں تقریباً ایک ہزار بھارتی طلباء وطن واپس آگئے ہیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے اُن کے ہم منصب نے باہمی اشتراک کو نئی بلندی پر لے جانے کے پختہ عزم کو دوہرایا ہے۔

☆ تھمپو میں بھارت- بھوٹان ترقیاتی اشتراک مذاکرات کے دوران تقریباً پانچ ہزار کروڑ روپے مالیت کے 61 پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔

☆ گجرات کے کئی ضلعوں میں تیز بارش ہوئی ہے۔ پوربندر اور دیو بھومی دوارکا سمیت کئی ضلعوں میں کل بہت شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

☆ خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کرکٹ میں سری لنکا کے شہر Dambulla میں تھائی لینڈ نے ملیشیا کو 22 رن سے ہرا دیا۔ سری لنکا اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ جاری ہے۔

☆ اور...... سویڈش اوپن ٹینس میں مردوں کے سنگلز فائنل میں رافیل نڈال کا مقابلہ، Nuno Borges سے ہوگا۔

............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## Bangladesh Indian Return

بنگلہ دیش میں پُرتشدد احتجاج کا سلسلہ جاری ہے اور تقریباً ایک ہزار بھارتی طلباء وہاں سے وطن واپس آگئے ہیں۔ وزارت خارجہ کے مطابق 778 بھارتی طلباء مختلف زمینی راستوں سے بھارت واپس آچکے ہیں۔ اِس کے ساتھ ساتھ تقریباً 200 طلباء ڈھاکہ اور Chittagong ہوائی اڈوں سے معمول کی پروازوں کے ذریعے وطن واپس آئے ہیں۔

وزارت نے بتایا ہے کہ ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن اور Chittagong، راج شاہی، سلہٹ اور کُھلنا میں اسسٹنٹ ہائی کمیشنش، بھارتی شہریوں کی واپسی میں معاونت کر رہے ہیں۔ وزارت کے مطابق ہائی کمیشن اور اسسٹنٹ ہائی کمیشنس مقامی حکام کے ساتھ تال میل قائم کرکے سرحدی کراسنگ پوائنٹس تک بھارتی شہریوں کے محفوظ سفر میں سہولت پیدا کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔

وزارت، شہری ہوا بازی، امیگریشن، زمینی راستوں اور BSF حکام کے ساتھ بھی تال میل کے ساتھ کام کر رہی ہے تاکہ بھارتی شہریوں کیلئے خوش اسلوبی کے ساتھ سفر کو یقینی بنایا جاسکے۔

ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن اور اسسٹنٹ ہائی کمیشنس اُن چار ہزار سے زیادہ بھارتی طلباء کے ساتھ رابطہ قائم کیے ہوئے ہیں، جو اب بھی بنگلہ دیش کی مختلف یونیورسٹیوں میں ہیں۔ وزارت نے بتایا ہے کہ درخواست کیے جانے پر نیپال اور بھوٹان کے طلباء کی بھی بھارت آنے میں معاونت کی گئی ہے۔

## Bangladesh Protest

بنگلہ دیش میں کوٹے کے خلاف احتجاج کرنے والے مظاہرین اور سکیورٹی دستوں کے درمیان پُرتشدد جھڑپوں میں اب تک کم سے کم 104 افراد کی موت ہوچکی ہے جبکہ ڈھائی ہزار سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔

سرکاری ملازمتوں میں ریزرویشن کا سلسلہ پھر سے شروع کیے جانے کے معاملے پر وہاں گزشتہ کئی ہفتوں سے بڑے پیمانے پر مظاہرے ہو رہے ہیں۔ انٹرنیٹ قریب قریب پوری طرح بند ہوجانے اور ٹیلیفون خدمات میں خلل پڑ جانے کے سبب بھارتی طلباء اپنے گھر والوں سے رابطہ قائم نہیں کر پا رہے تھے اسی لئے اُنھیں عارضی طور پر بنگلہ دیش سے واپس آنے پر مجبور ہونا پڑا ہے۔ اُدھر بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ نے ملک کے موجودہ حالات کے تناظر میں اسپین اور برازیل کا اپنا غیرملکی دورہ منسوخ کر دیا ہے۔ x

## Modi New Zealand PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب کرسٹوفر Luxon سے ٹیلی فون پر بات کی۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے آئندہ برسوں میں باہمی اشتراک کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے اپنے پختہ عزم کو دوہرایا۔ دونوں ملکوں کے درمیان حالیہ عرصے میں اعلیٰ سطحی رابطوں میں تیزی کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے مختلف شعبوں میں باہمی مفاد کے دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے سے اتفاق کیا۔ اس میں تجارت اور اقتصادی تعاون، مویشی پروری، ادویات، تعلیم اور خلا سمیت دیگر شعبے شامل ہیں۔ وزیراعظم مودی نے نیوزی لینڈ میں بھارتی برادری کے مفادات کا خیال رکھنے کیلئے جناب Luxon کا شکریہ ادا کیا۔ جناب Luxon نے بھی اُن کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے کوششیں جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔x

## PM World Heritage

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں کل شام سات بجے عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے

46ویں اجلاس کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ بھارت پہلی مرتبہ عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کی میزبانی کر رہا ہے، جو اِس ماہ کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔ اِس کمیٹی کی سال میں ایک مرتبہ میٹنگ ہوتی ہے اور اس پر عالمی میراث سے متعلق سبھی معاملات طے کرنے کی ذمے داری ہوتی ہے اور اِس میں عالمی میراث کی فہرست میں شامل کئے جانے والے مقامات کا بھی فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اس میٹنگ کے دوران، عالمی میراث کی فہرست میں نئے مقامات کو نامزد کرنے کی تجاویز اور موجودہ 124 عالمی میراث کے حامل مقامات کے تحفظ سے متعلق رپورٹوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

150 سے زیادہ ملکوں سے دو ہزار سے زیادہ عالمی اور قومی مندوبین اِس میٹنگ میں شرکت کر رہے ہیں۔x

## Givt All Party Meet

سرکار نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل کل، سبھی پارٹیوں کی میٹنگ طلب کی ہے۔ سرکار، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے بلا رکاوٹ کام کاج کو یقینی بنانے کیلئے سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون کی اپیل کرے گی۔

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس پیر کو شروع ہو رہا ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن منگل کے روز 2024-25 کا مرکزی بجٹ لوک سبھا میں پیش کریں گی۔ نریندر مودی سرکار کی تیسری مدت کے دوران یہ پہلا بجٹ ہوگا۔ امید ہے کہ سرکار، پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران 6 نئے بل پیش کرے گی۔ x

## Nadda Street Vendors Program

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈا نے کہا ہے کہ سرکار نے پی ایم سوانِدھی اسکیم شروع ہونے کے بعد سے ریڑھی پٹری والوں کو تقریباً 8 ہزار 600 کروڑ روپے کے قرضے تقسیم کیے ہیں۔ جناب نڈا نے آج نئی دلّی میں غذائی سامان فروخت کرنے والے ریڑھی پٹری والوں کی تربیت اور بیداری کے پروگرام میں فوڈ سیفٹی کیلئے رہنما خطوط اور پورٹل کا آغاز کرنے کے بعد یہ بات کہی۔ اِس کا اہتمام فوڈ سیفٹی اور معیارات سے متعلق بھارت کی اتھارٹی FSSAI نے کیا تھا۔

اِس موقع پر جناب نڈا نے FSSAI کو یہ ہدایت دی کہ غذائی سامان فروخت کرنے والے ریڑھی پٹری والوں کیلئے 100 روپے کی رجسٹریشن فیس ختم کی جائے، جس سے ریڑی پٹری والوں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور زیادہ سے زیادہ رجسٹریشن کو بڑھاوا ملے گا۔

وزیر صحت نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ FSSAI اگلے ایک سال میں غذائی سامان فروخت کرنے والے ایک لاکھ ریڑھی پٹری والوں کو تربیت دے گی۔ جناب نڈا نے یہ بھی کہا کہ سبھی ریڑھی پٹری والوں کو تیزی کے ساتھ جانچ کیلئے اختراعی Kit فراہم کی جانی چاہیے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ پورے ملک میں غذائی سامان فروخت کرنے والے ریڑی پٹری والے محفوظ کھانا استعمال کر رہے ہیں۔

S/B: 2045 JP Nadda- Street Vendors

## Foreign SEC Bhutan

خارجہ سکریٹری وکرم مِسری اور بھوٹان کے اُن کے ہم منصب Aum Pema Choden نے آج تھمپو میں تیسرے بھارت- بھوٹان ترقیاتی تعاون مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران بھوٹان نے پروجیکٹوں سے وابستہ امداد کی تجویزوں کے ساتھ ساتھ 13 ویں پانچ سالہ منصوبے کی مدت کے دوران نافذ کیے جانے والے پروجیکٹوں کی امداد کی پہلی قسط بھی جاری کی۔

ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ طرفین نے مختلف شعبوں میں چار ہزار 958 کروڑ روپے مالیت کے 61 پروجیکٹوں کو منظوری بھی دی ہے۔ اِن پروجیکٹوں کا تعلق بنیادی ڈھانچے، توانائی، ہنر مندی کے فروغ، تعلیم، صحت، ثقافتی ورثے، صلاحیت سازی، کھیلوں، نوجوانوں کے رابطوں، ڈیجیٹل معیشت اور خلائی تکنیک سے ہے۔ x

## EPFO

ملازمین کی پروویڈینٹ فنڈ تنظیم EPFO نے اِس سال مئی کے مہینے میں ساڑھے 19 لاکھ ارکان کو شامل کیا ہے۔ اپریل 2018 میں payroll سے متعلق پہلے اعداد و شمار جاری کیے جانے کے بعد سے یہ اضافہ سب سے زیادہ ہے۔ سالانہ تجزیے سے پچھلے سال مئی مہینے کے مقابلے اِس سال 19 اعشاریہ چھ-دو فیصد کے اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ رکنیت میں اِس اچھال کے مختلف پہلو بتائے گئے ہیں۔ اِن میں روزگار کے بڑھتے ہوئے مواقع، ملازمین کے فائدوں کے تعلق سے بڑھتی ہوئی بیداری اور EPFO کے رابطہ پروگراموں کا مؤثر ہونا شامل ہے۔

اعداد و شمار سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ اِس سال مئی کے مہینے کے دوران تقریباً 9 لاکھ 85 ہزار نئے ارکان نے اپنا اندراج کرایا۔ اِس طرح اپریل مہینے کے مقابلے اِس میں 10 اعشاریہ نو-چھ فیصد کا اضافہ ہوا، جبکہ پچھلے سال مئی کے مہینے کے مقابلے ساڑھے گیارہ فیصد کا اضافہ ہوا۔ x

## Gujarat Rain

گجرات میں آج سوراشٹر کے ساحلی ضلعوں میں تیز بارش ہوئی۔ اِن میں جونا گڑھ، گیر سومناتھ اور دیو بھومی دوارکا شامل ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے پوربندر میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔اِدھر بھارتی موسمیات محکمے نے کل کیلئے پوربندر، جونا گڑھ، دیو بھومی دوارکا، نوساری اور ولساڑ ضلعوں کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC- Aparna Khunt

جنوب مغربی مانسون کے ریاست میں مزید آگے بڑھنے کے ساتھ ہی آج ریاست کی 87 سے زیادہ تحصیل میں ہلکی سے شدید بارش ہوئی۔ دوارکا تحصیل میں تقریباً 7 انچ بارش ہوئی، جو ریاست میں سب سے زیادہ ہے۔ پچھلے دو روز سے شدید بارش کے سبب سوراشٹر خطے میں کئی باندھوں کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا آج سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے پوربندر پہنچے۔ وزیر موصوف نے شہر کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور

ضلع انتظامیہ کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی۔ پوربندر میں کُل 20 انچ سے زیادہ بارش ہوئی تھی جس کے بعد کئی مقامات پر پانی بھر گیا تھا۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چار روز کے دوران ریاست میں دور دور تک بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ پوربندر، جوناگڑھ، دیوبھومی، دوارکا، نوساری اور وَلساڑ کے علاوہ دَمن اور دادرا نگر حویلی میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔

احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## IMD

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اگلے پانچ روز کے دوران، ملک کے مغربی، وسطی، مشرقی اور جنوبی جزیرہ نما خطے میں گرج چمک کے ساتھ دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ دو دنوں میں شمال مغربی بھارت میں اتراکھنڈ میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ، منگل اور بدھ کے روز مشرقی راجستھان میں، پیر اور منگل کے روز ہماچل پردیش میں اور پیر کے روز مغربی اترپردیش میں کہیں کہیں بہت شدید بارش بھی ہوسکتی ہے۔ IMD نے آئندہ پانچ دنوں کے دوران ملک کے شمال مشرقی حصے میں گرج چمک کے ساتھ کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Kerala Nipah Virus

آج کیرالہ کے Malappuram ضلعے میں ایک 14 سال کے لڑکے میں Nipah وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ کیرالہ کی وزارت صحت وینا جارج نے کہا ہے کہ پُنے کے وائرس کا پتہ لگانے کے قومی ادارے میں کیا گیا ٹیسٹ وائرس سے متاثر پایا گیا ہے۔ کیرالہ کی دو لیباریٹریوں میں کئے گئے ٹیسٹ بھی وائرس سے متاثر پائے گئے۔ اس لڑکے کا فی الحال کوزی کوٹ کے میڈیکل اسپتال میں علاج کیا جارہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ریاست، کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہے اور Nipah سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں۔ Malappuram ضلعے میں ایک کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے۔ جو رشتے دار اِس لڑکے قریبی رابطے میں تھے اُن کی بھی نگرانی کی جارہی ہے۔x

## Health Ministry Covid Death

حکومت نے کہا ہے کہ جریدے Science Advances میں شائع میڈیا کی وہ خبریں ناقص اور ناقابل قبول تخمینوں پر مبنی ہیں، جس میں 2020 میں بھارت میں کووڈ-19 وبا کے دوران بہت زیادہ اموات ہونے کی بات کہی گئی ہے۔ مرکزی وزارتِ صحت نے کہا ہے کہ جریدے کا مطالعہ غلط ہے اور مصنف نے جو طریقۂ کار اپنایا ہے، اُس میں سنگین خامیاں ہیں۔ اس نے مزید کہا ہے کہ اُس میں شائع کیے گئے دعوے غیرواضح ہیں اور اُن میں کوئی تسلسل نہیں ہے۔ وزارت نے اِس بات کا بھی تذکرہ کیا ہے کہ مطالعے کی دریافت اور کووڈ-19 کی اموات کے سلسلے کے درمیان اختلاف ہے، جو اُس کی معتبریت کو مزید کم کرتا ہے۔x

## China Bridge Collapse

شمالی چین میں شدید بارش کے سبب شاہراہ کے ایک پُل کے گِر جانے کے بعد کم از کم 11 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ سرکاری نیوز ایجنسی Xinhua کے مطابق Shaanxi صوبے میں یہ پُل کل رات شدید بارش اور اچانک سیلاب کے سبب گِر گیا۔ بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ آگ بجھانے کا عملہ کشتیوں اور ڈرون کے ساتھ بچاؤ کارروائی میں مصروف ہے۔ ہنگامی صورتحال میں بندوبست سے متعلق چین کی وزارت نے ایک ٹیم جائے حادثہ پر بھی بھیجی ہے۔ سرکاری نشریاتی ادارے CCTV نے کہا ہے کہ شاہراہ کے پُل کے نیچے دریا میں گرجانے کے بعد تقریباً 20 گاڑیاں اور 30 سے زیادہ افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔x

## Romania Train Accident

رومانیہ کے شہر بخارست میں آج Basarab اسٹیشن پر ایک ریل انجن اور مسافر ٹرین کے ٹکرانے سے کم سے کم 15 افراد شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ مقامی حکام کے مطابق آگ بجھانے والی 10 گاڑیوں اور تمام دستیاب طبی وسائل کو جائے حادثہ کیلئے روانہ کیا گیا ہے۔ رومانیہ کی ریلوے جانچ ایجنسی نے بتایا ہے کہ وہ اِس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ x

## Women's Cricket

خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کرکٹ میں سری لنکا کے Dambulla میں بنگلہ دیش نے سری لنکا کے سامنے 112 رن کا نشانہ رکھا ہے اور سری لنکا نے اب سے کچھ دیر پہلے تک دس اوورس میں ایک وکٹ پر 64 رن بنا لئے تھے۔اِس سے پہلے ٹاس جیت کر بلے بازی کرتے ہوئے بنگلہ دیش نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 111 رن بنائے۔اِس سے قبل آج شام اِسی میدان پر کھیلے گئے میچ میں تھائی لینڈ نے ملیشیا کو 22 رن سے ہرا دیا۔ ملیشیا کو 134 رن کا نشانہ ملا تھا لیکن وہ 8 وکٹ پر 111 رن ہی بنا سکا۔

## Rev. Tennis Swedish Open

سویڈش اوپن ٹینس میں کل مردوں کے سنگلز فائنل میں رافیل نڈال کا مقابلہ، Nuno Borges سے ہوگا۔

آج سویڈن کے شہر Bastad میں کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میں ساتویں نمبر کے کھلاڑی پرتگال کے Nuno Borges نے ارجنٹینا کے Thiago Agustin Tirante کو چھ-تین اور چھ-چار سے ہرا دیا۔

اِس سے پہلے اسپین کے رافیل نڈال، کروشیا کے Duje Ajdukovich کو چار-چھ، چھ-تین اور چھ-چار سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گئے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆